Urdu-V1.pdf 1 18/01/2014 12:21 PM

# جوڑوں / ساتھ رہ کر جسمانی تشدد کے شکار افراد کے لیئے امدادی خدمات

# Support Services to SPOUSE / COHABITANT BATTERING CASES



Urdu
February 2014


社會福利署
Social Welfare Department



## پولیس کی جانب سے مداخلت
## (Intervention by Police)

گھریلو تشدد کی تمام شکایات کی رپورٹ، جانچ اور کاروائی ہانگ کانگ پولیس فورس کرے گی۔عام حالات میں یہ رپورٹ کسی بھی پولیس اسٹیشن میں پولیس کی ہاٹ لائن 2527 7177 پر کسی بھی پولیس افسرکو براہ راست رپورٹ کر سکتے ہیں۔ہنگامی حالات میں مدد طلب کرنے کے لیئے عوام 999 ڈائل کر سکتے ہیں۔ مظلوموں اور اطلاع دینے والے افراد کی معلومات کو مخفی رکھا جائے گا۔

*جرائم کے قانون کے مطابق (کیپ 200) اور کسی شخص کے خلاف تعدی قانون کے تحت اگگر کوئی شخص (کیپ 212) کسی کو جسمانی گزند دیتا ہے یا اُس کو دھمکاتا ہے خواہ وہ اُس کا ازدواجی یا جنسی ساتھی ہی کیوں نہ ہو تو وہ ایک جرم کرتا ہے جس پر اُسے قید بھی ہو سکتی ہے*



## کلینیکل نفسیاتی خدمت
## (Clinical Psychological Service)

ایس-ڈبلیو-ڈی کے اکلینیکل نفسیاتی یونٹس میں کام کرنے والے نفسیاتی اکلینیکل کے ماہرین ،تشدد اور ذدوکوب کے شکار ان افراد اور ان کے بچوں کے مسائل کی تشخیص اور علاج کرتے ہیئں جن کے اندر نفسیاتی علامات ظاہر ہو رئی ہوں۔ ایس-ڈبلیو-ڈی کے چاروں یونٹس کی طرف سے حوالے یہاں قابل قبول ہوتے ہیئں۔ ہر معاملہ کی انفرادی ضروتوں کے مطابق یہ نفسیاتی اکلینیکل ماہرین انفرادی اور گروپ بنا کے علاج کر کے اپنے زیر علاج لوگوں کو اذواجی جوڑوں/ ساتھ رہنے کی ذدوکوب کے نتیجے میں پیدا ہونے والی نفسیاتی بیماریوں سے نجات حاصل کرنے میں مدد کرتے ہیئں۔ طلاق کے معملات میں یہ نفسیاتی اکلینیکل ماہرین نفسیاتی جائزہ کی بنیاد پر بچون کی تولیت، ان تک رسائی اور ان کی نگہداشت کے انتظامات کے بارے میں عدالت کو اپنی ماہرانہ رپورٹ پیش کر سکتے ہیئں۔



## مالی امداد
## (Financial Assistance)

کمپری ہینسیو سوشل سیکورٹی امداد(سی ایس ایس اے) یعنی جامعہ سماجی تحفظ کی امدادی سکیم ضرورت مند لوگوں کی مدد کرنے کے مقصد کے لیئے بنائی گئی ہے۔ اس کی اہلیت کے لیئے درخواست گزار کا سات سال ہانگ کانگ میں رہائش پزیر ہونا ضروری ہے۔نازک حالات میں یہ امداد سماجی بہبود کے ڈائریکٹر کی منظوری سے ایسے درخواست گزار کو بھی دی جا سکتی ہے جو معیار پہ پورا نہیں اُترتا۔ اے کے لیئے درخواست دینا چاہتے ہیئں تو ان کی طرف رجوع کرنے کے لیئے اپنے سماجی کارکن سے رابطہ کریں یا پھر ایس-ڈبلیو-ڈی کے سوشل سیکورٹی فیلڈ یونٹس سے رابطہ کریں۔



## مشفقانہ آباد کاری
## (Compassionate Rehousing)

مشفقانہ آباد کاری ایک طرح کی گھر کی امداد ہے، جس کا مقصد انفرادی اور خاندان کی بنیاد پر مدد کرنا جن کو حقیقی اور فوری گھر کی ضرورت ہو اور وہ خود سے اسے حل نہ کر سکتے ہوں۔ اس سکیم کےتحت ان لوگوں کی مدد کے لیئے جن کی طلاق کا مقدمہ چل رہا ہو(بشمول اپنے جوڑے سے زدوکوب کے شکار افراد کے لیئے) اورحقیقی گھر کی ضرورت جب وہ طلاق کی درخواست کے لیئے کورٹ کے فیصلے کا انتظار کر رہے ہوں۔ اس خدمت کے خوستگار لوگ متعلقہ سوشل سروس یونٹس سے مدد طلب کر سکتے ہیئں۔



## قانونی امداد کی خدمت
## (Legal Aid Service)

تشدد کے شکار وہ اذواجی جوڑے/ ساتھ رہ کر ستائے جانے والے، جو قانونی چارہ جوئی کرنا چاہتے ہیئں وہ لیگل ایڈ ڈپارٹمنٹ(ایل-اے-ڈی) میں قانونی خدمات کے لیئے درخواست دے سکتے ہیئں۔ ایک ذدوکوب کیے جانے والا جوڑا یا ساتھ رہنے والا جوڑا عدالت سے روکنے کا حکم لے سکتا ہے۔ ستائے جانے والا ساتھی جو طلاق لینے کا فیصلہ کرتا ہے، اسی وقت طلاق کے لیے پیش رفت کر سکتا ہے۔ قانونی امداد کے استحقاق کے لیے متاثرین کو ذرائع اور اہلیت دونون کے امتحان میں کامیاب ہونا پڑے گا۔فوری طور پر قانونی مدد یا روکنے کا حکم لینے کے لیئے ایل-اے-ڈی جتنا جلدی ہو سکے اسکے لیئے اسکی اہلیت کا ٹیسٹ اور بیان لینے کے لیے انٹرویو کا بندوبست کرے گا۔

Urdu-V1.pdf 2 18/01/2014 12:21 PM

ہانگ کانگ میں متاثرہ لوگوں کے لیئے (چاہے ان کی عمر، جنس، جذبات یا ان کی نسل کچھ بھی ہو) ستائے والوں یا جوڑں/ یاساتھ رہ جسمانی تشدد کے شکار افراد کے لیئے سوشل ولفئیر ڈپارٹمنٹ (ایس-ڈبلیو-ڈی) غیر حکومتی خیراتی ادارے(این-جی-اوز)، پولیس اور لیگل ڈپارٹمنٹ وغیرہ کی طرف سے بہت سی سہولیت دی گئی ہیئں۔



## خاندان اور بچوں کے تحفظ کے خدماتی یونٹ

## (Family and Child Protective Services Units – FCPSUs)

ایس ڈبلیو ڈی کے خاندان اور بچوں کے تحفظ کے خدماتی یونٹ(ایف،سی،پی،ایس،یوز)اصل میں ماہرین کے یونٹ ہیں جنہیں سماجی کارکن چلاتے ہیں جو مظلوموں ، تشدد پسندوں اور اُن کے خاندانوں،زدوکوب کے شکار بچوں اورازدواجی ساتھی یا جنسی ساتھی کے تشدد کا شکار ازدواجی جوڑوں کو مختلف قسم کی خدمات مہیا کرتے ہیں۔مختلف کیسوں کی ضروریات کے مطابق سماجی کارکن مدد کو پہنچتے ہیں، سماجی تحقیقات، بحران میں مداخلت،معاملے کے حل کا مشورہ اور اجتماعی معالجہ وغیرہ کرتے ہیں۔ ضرورت کے تحت مالی امداد، رہائش، قانونی مدد، طبعی خدمات، سکولوں کا بندوبست وغیرہ کے مشورہ کے لیئے حوالے دیئے جائیں گے۔ تولیت یا نگرانی کے جھگڑوں سے متاثر بچوں کے مصالح کے تحفظ کے علاوہ یہ ایف-سی-پی-ایس-یوز عدالت کے حکم کے مطابق سماجی رپورٹ تیار کریں گے اور ان بچوں کی نگہداشت کریں گے جن کو دیکھ بھال کی ضرورت ہے۔

## خاندانی خدمات کے متحدہ مراکز

## (Integrated Family Service Centres - IFSCs)

ان خاندانی خدمات کے متحدہ مراکز(آئی ایف ایس سیز) ،کو چلانے والے ایس ڈبلیو ڈی اور غیر حکومتی ادارے ،کسی خاص جگہ کی مختلف خوشحالی کی ضرورتوں کے حساب سے انفرادی اور خاندانی سطح پر بہت سی سہولیات میسر کرتی ہیئں۔ یہ خاندانی زرائع یونٹس، خاندانی امدادی یونٹ اور خاندانی مشورہ کی یونٹ پر مشتمل ہیئں۔ ان کی مہیا کردہ خدمات میں جن میں خاندانی زندگی، تعلیم، بچوں اور والدین کی سرگرمیاں، معلوماتی خدمات، رضاکاروں کی تربیت، رسائی کی خدمات، باہمی رہنمائی کے گروپ، مشورے اور سفارش کی خدمت وغیرہ خدمت کے گھنٹوں میں بڑھوتی کے ساتھ



## طبعی سماجی خدمات

## (Medical Social Services)

ہسپتال کے عملہ، پولیس، دیگر تنظیموں یا مریضوں یا ان کے خاندان کی براہ راست رسائی کے ذریعہ منظر عام پر آنے والے خاندانی تشدد کے واقعات عام ہسپتالوں اور کچھ بیرونی مریضوں کے لئے خصوصی کلینکس، میں کام کرنے والے طبعی سماجی کارکنوں کو اپنی طرف متوجہ کر سکتے ہیئں۔ یہ طبعی سماجی کارکن مشورہ دیں گے، ٹھوس خدمات انجام دیں گے اور خاندانی تشدد کے شکار افراد اور ان کے اہل خاندان کی مدد کے لیئے انکی خشحالی کی ضرورت کے مطابق ان کو نو آبادی اور سماجی خدمات وغیرہ کے اداروں کی طرف رجوع کرنے کا انتظام بھی کرتے ہئیں۔

## خاندانی تشدد کے شکار مظلوموں کے لیئے امدادی پرو

## (Victim Support Programme for Victims of Family Violence)

سماجی کارکنوں کے اشتراک کے ساتھ پو لینگ کوک کاچوئی لام سینٹر خاندانی تشدد کے شکار مظلوموں کے لیئے امدادی پروگرام پورے علاقے میں مہیا کرتا ہے۔پروگرام کا مقصد مختلف اقسام کی خدمات مہیا کر کےجیسا کہ معلومات، جذباتی مدد، اور تحفظاتی احساس (جب اُنہیں قانونی عمل، اور زندگی میں اچانک تبدیلیوں کا سامنا کرنا پڑے)اُن کے خوف بے مدد گاری اور نااُمیدی کے احساس کو کم کرنا ہے۔ آپ اپنی سماجی کارکن سے مدد کے لیئے رسائی کر سکتے ہیں۔



## عارضی رہائش کی سہولیات

## (Temporary Accommodation Services)

### عورتوں کے لیئے پناہ کے مراکز

### (Refuge Centres for Women)

ہانگ کانگ میں عورتوں کی پناہ کے پانچ مراکز ہیئں جن کے نام ہیئں وائی-آن ہوم فار وومن، ہارمنی ہاؤس، سیرین کورٹ ، سن رائز کورٹ اور ڈان کورٹ جو گھریلو تشدد اور بحران کی شکار عورتوں اور ان کے بچوں کو عارضی رہائش، اور امدادی خدمات بہم پہنچاتے ہیئں۔ ان خدمات کی ضرورت مند عورتوں کے لیئے سماجی کارکنوں کے حوالہ سے، پولیس، ہسپتالوں یا بذات درخواست کے زریعہ ان مراکز میں ہمہ وقت داخلہ مل سکتا ہے۔ ان پناہ گاہوں کے پتے خفیہ رکھے جاتے ہیئں۔

## مختلف قسم کے بحرانوں میں مداخلت اور مدد کا سینٹر

## ( بحران کو روکنے کا سینٹر)

## (Multi-purpose Crisis Intervention and Support Centre)


## (CEASE Crisis Centre)

بحران کو روکنے کا سینٹر ہسپتالوں کا ٹُنگ واہ گروپ چلاتا ہے، یہ ایک طرح کا بحران کو روکنے امدای خدمت کی قسم ہے۔ اس کا مقصد جنسی تشدد کا شکار بالغوں کی زیرک خدمت اور انفرادی یا بحران اور خاندانی تشدد کا شکار خاندانوں کی امداد-خدمات میں ایک 24 گھنٹوں کی ہاٹ لائن، بحران میں مداخلت یا جنسی تشدد کا شکار بالغ افراد اور بزرگوں پر ظلم کے سلسلے میں فوری رسائی۔ دوسری ضروری خدمات کے لیئے سفارشات اور یا اُن مظلوموں کی انفرادی یا بحران کا شکار خاندانوں کے لیئے عارضی رہائش کا بندوبست جو عارضی طور پر گھر جانے کے لائق نہ ہوں

## خاندانی بحران کی امداد کا سینٹر

## (Family Crisis Support Centre - FCSC)

خاندانی بحران کی امداد کا سینٹر کیری ٹاس ہانگ کانگ والے چلاتے ہیں، جن کا مقصدآسان اور دستیاب سہولیات کا پیکج انفرادی یا بحران اور پریشانی کا شکار خاندانوں کو مہیا کرکےخاندانی بحران کو ابتدائی سطح پر حل کرنا۔جو خدمات مہیا کی جاتی ہیں ان میں 24 گھنٹوں کی ہاٹ لائن، مختصر عرصے کے لیئے فوری مداخلت جس میں رات کا قیام، عارضی علاج اور دوسری امدادی خدمات شامل ہیں۔ ایف-سی-ایس-سی براہ راست، سوشل ولفئیر اجنسی سے حوالہ کیے ہوئے لوگوں اور کمیونٹی اداروں سے درخواستیں قبول کرتے ہیئں۔



## ہاٹ لائن سروسز

## (Hotline Service)

گھریلو تشدد کے شکار متاثرین سوشل ولفئیر کی ایس-ڈبلیو-ڈی ہاٹ لائن 2343 2255 پر معلومات کریں اور بروقت مشورہ اور اس سے وابسطہ دوسری سہولیات حاصل کریں۔ ایس-ڈبلیو-ڈی ہاٹ لائن کی سہولت 24 گھنٹے میسر ہے۔ مقررہ اوقات میں کی گئی کالوں کو ایس-ڈبلیو-ڈی کے کام کرنے ولے سنیں گے اور ان اوقات کے علاوہ کی گئی کالوں کو تونگ-وا گروپ آف ہاسپٹل کی ہاٹ لائن اور دور دراز پہنچنے والی سہولتی ٹیموں کے سماجی کارکنوں کو ٹرانسفر کیا جائے گا۔